خبروں کا اعلامیہ

# نئے اسکولوں، جدید جگہوں میں سرمایہ کاری کرنا

1 مارچ، 2023

### متعلقہ معلومات

Alberta.ca/Budget
https://www.alberta.ca/capital-plan.aspx

### میڈیا سے پوچھ گچھ

ایملی پیکہم(Emily Peckham)
پریس سیکرٹری تعلیم(Press Secretary, Education)
4305-985-587
emily.peckham@gov.ab.ca

البرٹا کی حکومت نئے اور جدید کلاس رومز کے لیے اگلے تین سالوں میں 2.3 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

بجٹ 2023 58 منصوبوں کی حمایت کرتا ہے، جس میں 13 مکمل تعمیراتی منصوبے، 20 ڈیزائن، 14 منصوبہ بندی اور 11 پری پلاننگ شامل ہیں۔ مجموعی طور پر، البرٹا بھر میں طلباء کے لیے تقریباً 25,000 نئی اور اضافی جگہیں ہوں گی، جن میں9,400 نئی جگہیں اور 15,500 سے زیادہ طلباء کی اپ گریڈ شدہ جگہیں ہوں گی۔ اس میں کیلگری میں تقریباً 4,500 ، ایڈمنٹن میں4,100 اور باقی صوبے کے لیے16,300 نئی اور اپ گریڈ شدہ جگہیں شامل ہیں۔

"البرٹا کے نوعمر سیکھنے والے (learners) مستقبل کی کمیونٹی کے اور کاروباری رہنما ہیں۔ انہیں اپنے روشن مستقبل کی تیاری کے لیے درکار ٹولز اور ہنر حاصل کرنے کے لیے صحیح جگہوں کی ضرورت ہے۔ اپنے اسکولوں میں سرمایہ کاری کر کے، ہم اپنے طلباء میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں، ساتھ ہی ساتھ مزید ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں اور مقامی معیشت کو سہارا دے رہے ہیں"

*ایڈریانا لاگرانج (Adriana LaGrange)، منسٹر آف ایجوکیشن (Minister of Education)*

تعلیم کے بنیادی ڈھانچے میں اس سرمایہ کاری میں شامل ہیں:

- تعمیراتی اور ڈیزائن کے منصوبوں کے لیے 372 ملین ڈالر:
  - 10 نئے اسکول
  - 16متبادل اسکول
  - 7 جدید کاریاں

- 14 منصوبوں کے سائٹ کے تجزیہ اور دائرہ کار کی ترقی جیسی منصوبہ بندی کی سرگرمیوں میں مدد کے لیے 4 ملین ڈالر
- 11 تصوراتی منصوبوں کی پہلے سے منصوبہ بندی کرنے کے لیے 1 ملین ڈالر اور توقع ہے کہ یہ اسکول کے دائرہ اختیار کے لیے اعلیٰ ترجیحی ضروریات بنیں گی
- پچھلے اعلان کردہ منصوبوں پر کام جاری رکھنے کے لیے 1 بلین ڈالر
- اسکول کے حکام کے خود ہدایت شدہ سرمایہ کے منصوبوں میں تین سالوں کے دورانیے میں 300 ملین ڈالر
- کیپٹل مینٹیننس اینڈ رینیوئل پروگرام (Capital Maintenance and Renewal Program) کے ذریعے موجودہ اسکولوں کی عمارتوں کی دیکھ بھال اور تجدید کے لیے 279 ملین ڈالر
- پبلک چارٹر اسکول کے بنیادی ڈھانچے کی مدد کے لیے 171 ملین ڈالر، بشمول کیلگری میں ایک چارٹر ہب (Charter Hub) کے لیے سرمایہ کاری
- کامیاب کالجیٹ اسکول کے درخواست دہندگان کی سہولتوں کو اپ گریڈ کرنے کے لیے 43 ملین ڈالر فنڈ
- صوبے بھرمیں فوری جگہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ماڈیولر کلاس روم پروگرام کے لیے 93 ملین ڈالر

"البرٹا کی حکومت بنیادی ڈھانچے کے اہم منصوبوں میں سرمایہ کاری کر رہی ہے جس میں اعلیٰ معیار کے سکولوں کی اپ گریڈینگ اور تعمیر شامل ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ البرٹنز اپنے بچوں کو ان کی مقامی کمیونٹیز کے سکولوں میں بھیج سکیں۔ ہماری توجہ اس بات کو یقینی بنانے پر ہے کہ ان منصوبوں کو بروقت، بجٹ کے مطابق اور جہاں ان کی ضرورت ہے، وہاں تک پہنچایا جائے۔"

*نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf) منسٹر آف انفراسٹرکچر (Minister of Infrastructure)*

اسکول کے منصوبوں میں سب سے بڑی رکاوٹ ، اور تاخیر کی وجوہات میں سے ایک رہی ہے، مناسب جگہوں کی دستیابی ۔ اسی لیے، بجٹ 2023 کے ذریعے، البرٹا کی حکومت ایک نیا اسکول پلاننگ پروگرام بھی تشکیل دے رہی ہے جو کہ آنے والے اسکول کے پروجیکٹس کے لیے ایک شفاف "پائپ لائن" کے طور پر کام کرے گا تاکہ تعمیراتی فنڈنگ کی باقاعدہ منظوری ملتے ہی کام شروع ہو جائے۔ اسکول کے چودہ منصوبے اس نئے پروگرام کے ذریعے منصوبہ بندی اور سائٹ کی ترقی کا آغاز کریں گے جبکہ مزید 11 منصوبوں کو دائرہ کار کے اختیارات تیار کرنے میں مدد کے لیے قبل از منصوبہ بندی (پری پلاننگ) کی فنڈنگ حاصل ہوگی۔

منصوبہ بندی کے پروگرام کا مقصد پروجیکٹ کے دائرہ کار اور سائٹ کی تفتیش کے کام کو مزید ترقی کا موقع دینا ہے۔ اس سے ممکنہ خطرات کو واضح کرنے اور تخفیفی حکمت عملیوں اور اخراجات کی نشاندہی کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ مقصد یہ ہے کہ، رکاوٹوں کو دور کرنے اور مستقبل کے بجٹ کے سائیکلز میں ڈیزائن اور تعمیراتی منظوری پر غور کرنے کے لیے پروجیکٹ کو بہتر پوزیشن میں لانے کے لیے اسکول بورڈز کو جن وسائل کی ضرورت ہے، وہ وسائل انھیں فراہم کرنا ہے، جس سے لاگت میں اضافے اور شیڈول میں رکاوٹوں اور تاخیر کو کم کرنے کی امید ہے۔

"کیلگری کیتھولک بورڈ آف ٹرسٹیز (Calgary Catholic Board of Trustees) کیلگری کیتھولک اسکول ڈسٹرکٹ (CCSD) کے لیے آج اعلان کردہ سرمایہ کے منصوبوں کے لیے شکر گزار ہے، جس میں اس تیزی سے بڑھتی ہوئی کمیونٹی کی خدمت کے لیے نولان ہل (Nolan Hill) کے کنڈرگارٹن سے گریڈ 9 (K-9) اسکول کے لیے مکمل فنڈنگ شامل ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ ڈیزائن کا عمل مکمل ہونے کے بعد،رینج ویو ہائی اسکول (Rangeview high school) اور چیسٹرمیئر K-9 اسکول (Chestermere K-9 school) کے لیے مکمل تعمیراتی فنڈ جلد از جلد مل جائے گا۔ اسکول کے بنیادی ڈھانچے کی اہم ضرورت اوران کمیونٹیز میں سی سی ایس ڈی (CCSD) کے استعمال کی بلند شرح کے پیش نظر، ان منصوبوں پر فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ سی سی ایس ڈی (CCSD) ریڈ اسٹون (Redstone) میں K-9 اسکول کی تعمیر، بشپ مکنیلی ہائی اسکول (Bishop McNally High School) کے اضافے/ بڑھوتری اور ایک نئے ویسٹ اینڈ ہائی اسکول (west-end high school) کی تعمیر کے لیے قبل از منصوبہ بندی (پری پلاننگ) کے عزم کی قدر کرتا ہے۔ "

Alberta

# خبروں کا اعلامیہ

*کیتھی ولیمز، بورڈ چیئر، کیلگری کیتھولک سکول ڈسٹرکٹ*
*(Cathie Williams, board chair, Calgary Catholic School District)*

"سی بی ای(CBE) طلباء اوران کے خاندانوں کی جانب سے، ہم سرمایہ کے منصوبے کے اعلان کے لیے حکومت البرٹا کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ بنیادی ڈھانچے میں یہ غیر معمولی اور بروقت سرمایہ کاری ہمارے نظام کے اندر طلباء کے سیکھنے کے مواقع کی حمایت کے لیے بہت ضروری ہیں۔"
*لورا ہیک، بورڈ چیئر، کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن(Laura Hack, board chair, Calgary Board of Education)*

"یہ ایلک آئیلینڈ پبلک اسکولز (Elk Island Public Schools) کے لیے، کمیونٹی کے لیے اور خاص طور پرایکول کیمپبیلٹاؤن (École Campbelltown) اورشیرووڈ ہائیٹس جونیئر ہائی) (Sherwood Heights Junior High) دونوں کے طلباء کے لیے ایک دلچسپ دن ہے۔ ایک جدید، اچھی طرح سے لیس اور کارآمد عمارت ہمیں معیاری تعلیم کی پیشکش جاری رکھنے کی اجازت دے گی جو طلباء کو کلاس روم میں کامیاب ہونے کے لیے درکار ہے اور اس ترقی کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد کرے گی جن کا ہم شیروڈ پارک (Sherwood Park) میں سامنا کر رہے ہیں۔
*ٹرینا بؤے مُک ، بورڈ چیئر، ایلک آئیلینڈ پبلک اسکولز (Trina Boymook, board chair, Elk Island Public Schools)*

**فوری حقائق:**

- .مکمل تعمیراتی فنڈنگ کی سرگرمیوں میں تعمیر اور سکونت کے بعد کا جائزہ شامل ہے۔
- ڈیزائن کی فنڈنگ کی سرگرمیوں میں تعمیراتی ٹینڈردستاویزات کی تیاری، جیسے ڈرائنگ اور وضاحتیں شامل ہیں۔
- منصوبہ بندی کی فنڈنگ کی سرگرمیوں میں سائٹ کا تجزیہ اور دائرہ کار کی ترقی کی سرگرمیاں شامل ہیں۔
- پری پلاننگ فنڈنگ ایک تصوراتی پروجیکٹ کو دائرہ کار کے عناصر، پروگرامنگ کی ترجیحات کی وضاحت کرنے کا موقع دیتی ہے اور اس میں کمیونٹی کی شمولیت جیسی سرگرمیاں شامل ہیں۔
- بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کی فراہمی کے لیے فیصلہ سازی کے عمل میں معاونت کے لیے، منسٹری آف انفراسٹرکچر کی وزارت نے دسمبر 2021 میں *انفراسٹرکچراکاؤنٹیبیلٹی ایکٹ (Infrastructure Accountability Act)* پاس کیا۔ یہ ایکٹ اس بات کا خاکہ پیش کرتا ہے کہ صوبہ سالانہ کیپٹل پلان (Capital Plan) کے لیے منصوبوں کو کس طرح سےترجیح دیتا ہے۔
- جیسا کہ ایکٹ کی طرف سے قانون سازی کی گئی ہے، حکومت نے دسمبر 2021 میں *بلڈنگ فارورڈ: البرٹاز 20-ایئراسٹریٹیجک کیپیٹل پلان (Alberta's 20-Year Strategic Capital Plan)* بھی شائع کیا، جو البرٹا میں طویل مدتی انفراسٹرکچر سرمایہ کاری اور ترقی کے لیے ایک بلیو پرنٹ فراہم کرتا ہے۔
- حکومت کے بجٹ کے فیصلے ایکٹ کے مطابق کیے جاتے ہیں اور اس کی رہنمائی اسٹریٹجک کیپیٹل پلان (Strategic Capital Plan) کے ذریعے کی جاتی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ مستقبل کی سرمایہ کاری سے البرٹنز کو فائدہ پہنچے۔
- حکومتی شراکت دار، جیسے میونسپلٹیز اور اسکول بورڈز، حکومت کی طویل مدتی سمت کو جانتے ہوئے بھی کیپٹل فنڈنگ کے لیے منصوبہ بندی کر سکیں گے۔

**بجٹ 2023 کے اسکول کے منصوبے – مکمل تعمیراتی فنڈنگ (13):**

| پروجیکٹ کی قسم/نام | اسکول ڈویژن | کمیونٹی |
|---|---|---|
| نیا سیکنڈری اسکول | Conseil scolaire FrancoSud | ایئرڈری(Airdrie) |

| | | |
|---|---|---|
| جان جی ڈیفن بیکر ہائی اسکول (John G Diefenbaker High School) کی جدید کاری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن Calgary Board of Education | کیلگری |
| نولان ہل (Nolan Hill) میں نیا K-9 اسکول | کیلگری رومن کیتھولک سیپریٹ اسکول ڈویژن (Calgary Roman Catholic Separate School Division) | کیلگری |
| ایکول میکال-ژاں (École Michaëlle-Jean) اور ایکول گیبریئیل-روئے (École Gabrielle-Roy) کے لیے حل | Conseil scolaire Centre-Nord | ایڈمنٹن |
| ایجمونٹ (Edgemont) میں نیا K-9 اسکول | ایڈمنٹن پبلک سکول بورڈ | ایڈمنٹن |
| ویسٹ لیتھ برج (west Lethbridge) میں نیا K-6 اسکول | ہولی اسپرٹ رومن کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن Holy Spirit Roman Catholic Separate School Division | لیتھ برج (Lethbridge) |
| ایکول لاویےغندغی (École La Vérendrye) کا جم پروجیکٹ | Conseil scolaire FrancoSud | لیتھ برج (Lethbridge) |
| ایکول گڈ شیفرڈ اسکول (École Good Shepherd School) کا متبادل | کرائسٹ دی ریڈیمر کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن Christ the Redeemer Catholic Separate School Division | اوکوٹوکس (Okotoks) |
| پین ہولڈ ایلیمنٹری سکول (Penhold Elementary School) کا متبادل | شنوکس ایج اسکول ڈویژن (Chinook's Edge School Division) | پین ہولڈ (Penhold) |
| نیا ہائی اسکول | ویسٹ ونڈ اسکول ڈویژن (Westwind School Division) | ریمنڈ (Raymond) |
| شیرووڈ پارک (Sherwood Park) کا حل | ایلک آئی لینڈ سکول ڈویژن (Elk Island School Division) | شیرووڈ پارک (Sherwood Park) |
| ویلی ویو (Valleyview) کا حل | ناردرن گیٹ وے سکول ڈویژن (Northern Gateway School Division) | ویلی ویو (Valleyview) |
| ہولی فیملی کیتھولک سکول (Holy Family Catholic School) کا متبادل | لیک لینڈ رومن کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن (Lakeland Roman Catholic Separate School Division) | واسکتیناؤ (Waskatenau) |

**بجٹ 2023 کے اسکول کے منصوبے – ڈیزائن فنڈنگ (20):**

| پروجیکٹ کی قسم/نام | اسکول ڈویژن | کمیونٹی |
|---|---|---|
| ساؤتھ ویسٹ ایئرڈری (southwest Airdrie) میں نیا K-8 اسکول | راکی ویو سکول ڈویژن (Rocky View School Division) | ایئرڈری (Airdrie) |
| بار ہیڈ کمپوزٹ ہائی اسکول (Barrhead Composite High School) کی جدید کاری اور دوبارہ مُرتب سازی | پیمبینا ہلز سکول ڈویژن (Pembina Hills School Division) | بار ہیڈ (Barrhead) |
| نیا K-5 سکول | ریڈ ڈیئر کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن (Red Deer Catholic Separate School Division) | بلیک فالڈز (Blackfalds) |
| بو آئی لینڈ (Bow Island) اور برڈیٹ (Burdett) کے لیے حل | پریری روز سکول ڈویژن (Prairie Rose School Division) | بو آئی لینڈ / برڈیٹ (Bow Island / Burdett) |
| بریٹن ہائی اسکول (Breton High School) کی جدید کاری اور دوبارہ مُرتب سازی اور بریٹن | وائلڈ روز اسکول ڈویژن (Wild Rose School Division) | بریٹن (Breton) |

| | | |
|---|---|---|
| ایلیمنٹری اسکول (Breton Elementary School) کا انہدام | | |
| بروکس جونیئر ہائی سکول (Brooks Junior High School) کا متبادل | گراس لینڈز سکول ڈویژن (Grasslands School Division) | بروکس (Brooks) |
| نیا K-9 سکول | کیلگری رومن کیتھولک سیپریٹ اسکول ڈویژن(Calgary Roman Catholic Separate School Division) | چیسٹرمیر(Chestermere) |
| رینج ویو(Rangeview) میں نیا ہائی اسکول | کیلگری رومن کیتھولک سیپریٹ اسکول ڈویژن(Calgary Roman Catholic Separate School Division) | کیلگری |
| رنڈل ہائٹس (Rundle Heights) کے لئے حل | ایڈمنٹن کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن Edmonton Catholic Separate School Division) | ایڈمنٹن |
| گلینریڈنگ ہائیٹس (Glenridding Heights) میں نیا جونیئر/سینئر ہائی سکول | ایڈمنٹن پبلک سکول بورڈ | ایڈمنٹن |
| K-12 ایکول بوریال (École Boréale)کا متبادل | Conseil scolaire Centre-Nord | فورٹ میک مرے (Fort McMurray) |
| ویرا ایم. ویلش سکول (Vera M. Welsh School) کا متبادل | ناردرن لائٹس سکول ڈویژن (Northern Lights School Division) | لاک لا بیش(Lac La Biche) |
| ایکول کورنتھیا پارک اسکول (École Corinthia Park School)کی جدید کاری | بلیک گولڈ سکول ڈویژن (Black Gold School Division) | لیڈک (Leduc) |
| ایکول ملائیگ اسکول (École Mallaig School)کا متبادل | سینٹ پال سکول ڈویژن (St. Paul School Division) | ملائیگ (Mallaig) |
| سینٹ فرانسس زیویئر سکول (St. Francis Xavier School)کا متبادل | میڈیسن ہیٹ رومن کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن (Medicine Hat Roman Catholic Separate School Division) | میڈیسن ہیٹ (Medicine Hat) |
| نینٹن (Nanton) کے لئے حل | لیونگ اسٹون رینج اسکول ڈویژن Livingstone Range School Division) | نینٹن (Nanton) |
| ریڈ ارتھ کریک سکول (Red Earth Creek School) کا متبادل | پیس ریور اسکول ڈویژن (Peace River School Division) | ریڈ ارتھ کریک (Red Earth Creek) |
| سپروس گروو کمپوزٹ ہائی اسکول (Spruce Grove Composite High School) کا متبادل | سپروس گروو (Spruce Grove) | سپروس گروو (Spruce Grove) |
| ڈبلیو آر مائرز (W.R. Myers) اور ڈی اے فرگوسن (D.A. Ferguson) اسکولوں کی جدید کاری | ہورائزن سکول ڈویژن (Horizon School Division) | ٹیبر (Taber) |
| وین رائٹ اسکول (Wainwright School) کا متابادل | بفیلو ٹریل سکول ڈویژن (Buffalo Trail School Division) | وین رائٹ (Wainwright) |

**بجٹ 2023– اسکول پلاننگ پروگرام(School Planning Program) کے منصوبے (14):**

| پروجیکٹ کی قسم/نام | اسکول ڈویژن | کمیونٹی |
|---|---|---|
| 9 سے 12 تک کے گریڈز کے نئےاسکول | راکی ویو سکول ڈویژن (Rocky View School Division) | ایئرڈری(Airdrie) |
| اینی گیل اسکول (Annie Gale School) کی جدید کاری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن(Calgary Board of Education) | کیلگری |

| | | |
|---|---|---|
| کارنراسٹون (Cornerstone)میں نیا ہائی اسکول | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن(Calgary Board of Education) | کیلگری |
| کولہرسٹ ہائی سکول (Coalhurst High School) کی جدید کاری | پالیسر سکول ڈویژن(Palliser School Division) | کولہرسٹ (Coalhurst) |
| جی. پی. وینیر سکول (G. P. Vanier School) | ہائی پریری اسکول ڈویژن (High Prairie School Division) | ڈونیلی (Donnelly) |
| ہیریٹیج ویلی کاوناگ (Heritage Valley Cavanagh) میں نیا K-9 اسکول | ایڈمنٹن کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن Edmonton Catholic Separate School Division | ایڈمنٹن |
| روزینتھل (Rosenthal) میں نیا K-6 اسکول | ایڈمنٹن پبلک سکول بورڈ | ایڈمنٹن |
| گلینریڈینگ ہائیٹس (Glenridding Heights) میں نیا پرائمری اسکول | ایڈمنٹن پبلک سکول بورڈ | ایڈمنٹن |
| ویسٹ ووڈ کمیونٹی ہائی اسکول (Westwood Community High School) کی جدید کاری | فورٹ میک مرے (Fort McMurray) اسکول ڈویژن | فورٹ میک مرے (Fort McMurray) |
| گرینڈ پریری (Grande Prairie) کے شمال میں نیا ہائی اسکول | پیس واپیتی اسکول ڈویژن (Peace Wapiti School Division) | گرانڈ پریری (Grande Prairie) |
| گالبریتھ ایلیمنٹری اسکول (Galbraith Elementary) School کی جدید کاری | لیتھ برج (Lethbridge) اسکول ڈویژن | لیتھ برج (Lethbridge) |
| نیا ہائی اسکول | فٹ ہلز سکول ڈویژن (Foothills School Division) | اوکوٹوکس (Okotoks) |
| سٹیٹلر مڈل سکول (Stettler Middle School) میں جدید کاری اور اضافہ | کلیئر ویو سکول ڈویژن (Clearview School Division) | سٹیٹلر (Stettler) |
| ویسٹ ماؤنٹ اسکول (Westmount School) کا متبادل | گولڈن ہلز سکول ڈویژن (Golden Hills School Division) | اسٹریتھمور(Strathmore) |

**بجٹ 2023–قبل از پلاننگ پروگرام(Pre-Planning Program) کے منصوبے (11):**

| پروجیکٹ کی قسم/نام | اسکول ڈویژن | کمیونٹی |
|---|---|---|
| اے. ای. کراس اسکول (A.E. Cross School) کی جدید کاری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن(Calgary Board of Education) | کیلگری |
| سر جان اے. میکڈونلڈ سکول (Sir John A. Macdonald School) کی جدید کاری | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن(Calgary Board of Education) | کیلگری |
| نیا سیڈل راج میڈل اسکول (Saddle Ridge middle school) | کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن(Calgary Board of Education) | کیلگری |
| ریڈ اسٹون (Redstone) میں نیا پرائمری اسکول | کیلگری رومن کیتھولک سیپریٹ اسکول ڈویژن(Calgary Roman Catholic Separate School Division) | کیلگری |
| بشپ میک نیلی ہائی اسکول (Bishop McNally High School) میں اضافہ | کیلگری رومن کیتھولک سیپریٹ اسکول ڈویژن(Calgary Roman Catholic Separate School Division) | کیلگری |
| نیو ویسٹ کیلگری ہائی اسکول (Rocky View School Division) | کیلگری رومن کیتھولک سیپریٹ اسکول ڈویژن(Calgary Roman Catholic Separate School Division) | کیلگری |
| نیا K-9 سکول | راکی ویو سکول ڈویژن (Rocky View School Division) | چیسٹرمیر(Chestermere) |
| نیا K-5/K-8 | راکی ویو سکول ڈویژن (Rocky View School Division) | کوکرین (Cochrane) |

درجہ بندی: پبلک

| | | |
|---|---|---|
| نیا نارتھ K-9 اسکول | ایڈمنٹن کیتھولک سیپریٹ سکول ڈویژن (Edmonton Catholic Separate School Division) | ایڈمنٹن |
| پائلٹ ساؤنڈ/میک کوناچی (Pilot Sound/McConachie) میں نیا جونیئر ہائی اسکول | ایڈمنٹن پبلک سکول ڈویژن (Edmonton Public School Division) | ایڈمنٹن |
| نیا نارتھ ایسٹ مڈل اسکول (northeast middle school) | ریڈ ڈیئر پبلک سکولز (Red Deer Public Schools) | ریڈ ڈیئر (Red Deer) |